Principles of Commerce - I.COM Part 1 Principles of Commerce Chapter 1 Short Questions Preparation

Q1. ملازمت سے کیا مراد ہے اس کی اقسام بیان کریں.

Ans 1: جب کویی شخص طے شدہ معاوضے پر باقاعدہ معاہدہ کے تحت کسی شخص ادارے یا حکومت کے پاس کام کرتا ہے تو اسے ملازمت کا نام دیا جاتا ہے. ملازمت کی مندرجہ زیل اقسام ہیں. سرکاری ملازمت-نیم سرکاری ملازمت-غیر سرکاری ملازمت

Q2. صارف سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایسے افراد یا ادارے جو اشیاء کو استعمال کے لیے خریدتے ہیں صارفین کہلاتے ہیں.دنیا کا کاروبار صارفین کی بدولت قائم ہے.

Q3. کاروبار شروع کرنے کے چار مختلف مراحل کے نام لکھیے.

Ans 1: کاروبار شروع کرنے کے چار مراحل درج ذیل ہیں. 1.کاروبار کی نوعیت 2.حکومتی پابندیاں 3.کاروباری جگہ 4.حکومتی مراعات

Q4. معاشی اور پیداواری سرگرمیوں سے کیا مراد ہے

Ans 1: ایسی تمام سرگرمیاں جنہیں کسی مادی فایدے یا معاوضے کے حصول کی غرض سے انجام دیا جائے معاشی یا پیداواری سرگرمیاں کہلاتی ہیں.

Q5. تھوک فروش سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایسا تاجر جو کارخانہ دار سے اشیاء کی بڑی مقدار خرید کر اسے خوردہ فروش یا پرچون فروش کے ہاتھ حتمی صارفین تک پہنچانے کے لیے نسبتاً کم مقدار میں فروخت کرتا ہے تھوک فرش کہلاتا ہے.تھوک فروش بعض اوقات مال کا ذخیرہ بھی کر لیتا ہے اور رسد اور طلب کا جائزہ لے کر اسے فروخت کرتا ہے.

Q6. انسانی سرگرمیوں میں غیر ارادی افعال سے کیا مراد ہے.

Ans 1: غیر ارادی افعال سے مراد انسانی جسم میں ہونے والی وہ تمام حرکات ہیں جن پر اس کا اپنا کوئی اختیار نہیں ہوت مثلا دل اور معدے کی حرکات وغیرہ

Q7. پیشہ کی تعریف کریں.

Ans 1: اگر کوئی شخص تحصیص علم یا ہنر مندی کی بنیاد پر اپنی خدمات قیمتاً پیش کرےتو اسے پیشہ کا نام دیا جاتا ہے..مثلاً ڈاکٹر،استاد

Q8. کاروبار لوگوں کی بچتوں کو کس طرح منافع بخش کرتا ہے.

Ans 1: کاروبار میں اضافے کے ساتھ ساتھ سرمایہ کاری کے بھی زائد مواقع میسر آتے ہیں جس کی وجہ سے لوگ اپنی بے کار رقوم کو کاروبار میں لگاکر حصص اور تمسکآت وغیرہ خرید کر اسے آمدی کا ذریعہ بنا سکتے ہیں.

Q9. کاروبار اور کامرس میں دو فرق بیان کریں.

Ans 1: کاروبار اور کامرس میں دوفرق مندرجہ ذیل ہیں: کاروبار: کاروبار میں وہ تمام انسانی سرگرمیاں شامل ہیں جن کی بدولت انسانی منافع حاصل کر سکتا ہے. 2.کاروبار کی اصطلاح مفہوم کے لحاظ سے بہت وسیع ہے

Ans 2: کامرس: کامرس سے مراد وہ تمام معاشی مشاغل ہیں.جو اشیاء کو جائے پیدائش سے صارف تک پہنچانے میں بالواسطہ یا بلاواسطہ جمع کرتے ہیں. کامرس کاروبار ہی ایک شاخ ہے.

Q10. انسانی سرگرمیوں میں ارادی افعال سے کیا مراد ہے.

Ans 1: وہ افعال جن، کے پیچھے انسان کا اپنا ارادہ کر فرما ہوتا ہے- مثلا چلنا،بولنا اور سوجنا وغیرہ.